© rasailojaraid.com

کتاب اپنے موضوع پر انتہائی جامع اور مستند ہے، ہر موضوع کا ضروری تفصیل کے ساتھ احاطہ کیا گیا ہے اور کوشش کی گئی ہے کہ ہر بات باحوالہ ہو۔ طالبان علوم حدیث کے لیے یہ بلاشبہ ایک گراں قدر تحفہ ہے۔ امید ہے علمی حلقوں میں اس ٹھوس علمی خدمت کی قدر کی جائے گی۔ کتاب کی طباعت بھی معیاری ہے۔

**مسلمان مثالی اساتذہ ، مثالی طلبہ** : تالیف: پروفیسر سید محمد سلیم۔ ناشر: زوار اکیڈمی پبلی کیشنز، اے 17/4 ناظم آباد: 4 کراچی: 18۔ ضخامت: 136 صفحات، سائز: 23x36/16 قیمت: 130 روپے

بلاشبہ دور حاضر کے اساتذہ وطلبہ اپنے پاکیزہ صفت اسلاف کے کارناموں سے بے گانہ اور ان کے ثاقب ذہن اور راسخ فکر کی کیفیات سے ناآشنا ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ آج نہ وہ مثالی اساتذہ ہیں جن کی ملکوتی صفات کے بارے میں ہم پڑھتے اور سنتے آئے ہیں اور نہ وہ مثالی طلبہ ہیں جن کی نیت خالص، جن کا ادب قابل رشک، جو آہِ سحر گاہی کے عادی اور تحصیل علم میں جاں گُسل محنت ان کی فطرت ثانیہ تھی۔ زیر نظر کتاب میں پروفیسر سید محمد سلیم آج کے اساتذہ وطلبہ کو ماضی قریب وبعید کے مسلمان مثالی اساتذہ ومثالی طلبہ کی طرف لے گئے ہیں۔ گویا یہ کتاب ایک صاف شفاف آئینہ ہے، جس میں ہمارے اساتذہ وطلبہ اپنی تصویر دیکھ کر اپنے بارے میں خود فیصلہ کر سکتے ہیں۔ ایک بات جو کتاب میں کھٹکتی ہے وہ ہندوستان کے مشاہیر اہل علم کے تذکرہ کے دوران اکابر دیوبند کے مشک بو تذکرے سے پہلو تہی ہے۔ مولانا مودودی، مولانا امین احسن اصلاحی وغیرہ کا کتاب میں بارہا تذکرہ کیا گیا ہے، مگر پتہ نہیں اکابر دیوبند جن کے ذکر کے بغیر ہندوستان کی اسلامی وعلمی تاریخ نامکمل ہے، انہیں اس کتاب میں کیوں کر جگہ نہ مل سکی!؟

اس ایک نقص کے باوجود بحیثیت مجموعی یہ کتاب انتہائی دلچسپ، معلومات آفریں اور ایمان افروز ہے۔ اس کا مطالعہ اساتذہ وطلبہ کے لیے مفید ہے۔ کتاب کی طباعت اور سیٹنگ میں بھی سلیقہ مندی کا خاص خیال رکھا گیا ہے۔

**نماز نبوی مکمل و مدلل** : تالیف: مولانا سید محمد آفتاب شاہ۔ ناشر: مکتبہ ابوبکر، فیروز پور روڈ لاہور۔ صفحات: 184، قیمت: درج نہیں

زیر نظر کتاب میں فاضل مؤلف نے انتہائی عام فہم اسلوب میں نماز کے اہم مسائل کو جمع کیا ہے۔ جس میں بقدر ضرورت دورِ حاضر کے حوالے سے جدید مسائل بھی شامل ہیں۔ علاوہ ازیں بعض معرکۃ الآراء اختلافی مسائل بھی ناصحانہ انداز سے دلائل کی روشنی میں بیان کیے گئے ہیں۔ ہر مسئلہ کو جلی عنوان کے تحت بیان کیا گیا ہے۔ کتاب کی اہم خوبی یہ ہے کہ ہر مسئلہ باحوالہ ذکر کیا گیا ہے۔ کتاب کے شروع میں ثقہ علماء ومفتیان کرام کی تقریظات کتاب کی ثقاہت کے لیے کافی ہیں۔ امید ہے اردو خواں طبقہ اس کی خاطر خواہ پذیرائی کرے گا۔ البتہ کتاب کی کمپوزنگ وسیٹنگ میں سلیقہ مندی کا فقدان ہے۔ امید ہے اگلے ایڈیشن میں اس کا خاص خیال رکھا جائے گا۔

**رشتہ داری کا خیال رکھیے** : تالیف: مولانا بشارت الٰہی۔ ناشر: مکتبہ بیت العلم اردو بازار


© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

کراچی۔سائز:23x36/16۔**صفحات**:169، **قیمت**:140 روپے

قرآن وحدیث میں صلہ رحمی کی ازحد تاکید کی گئی ہے اوراس پر بڑے اجروثواب کاوعدہ کیا گیا ہے، جب کہ قطع رحمی پر سخت وعیدیں بیان کی گئی ہیں۔زیرنظر کتاب میں فاضل مؤلف نے قرآن وحدیث اور اقوال سلف کی روشنی میں اس موضوع کوانتہائی تحقیقی مگرعام فہم انداز میں بیان کیا ہے۔ہر بات باحوالہ بیان کرنے کی کوشش کی گئی ہے، وہ سلیقۂ گفتار بھی رکھتے ہیں اور سوزِ و دروں بھی، ان کی زبان بھی سہل ہے اوراردو بھی شُستہ۔معنوی حسن کے ساتھ کتاب کا ظاہری و صوری حسن بھی جاذب نظرودل آویز ہے۔امید ہے اہل ایمان کتاب کی ضرور قدردانی کریں گے۔

**تحفۂ درود و سلام** : **تالیف**:مولانا مفتی عبدالرحمٰن کوثر۔ترجمہ:مولانا محمد جاوید اشرف میرٹھی۔ناشر: زوّار اکیڈمی پبلی کیشنز اے17/4 ناظم آباد:4 کراچی18۔**صفحات**:120،سائز:23x36/16 **قیمت**:معلوم نہیں

زیرنظر کتاب میں درود وسلام کی فضیلت واہمیت پر روشنی ڈالی گئی ہے۔کتاب پانچ ابواب پر مشتمل ہے، جس میں درود شریف پڑھنے کے فضائل، درود شریف نہ پڑھنے پر وعیدیں، ہر مجلس میں درود شریف پڑھنے کی تاکید، درود شریف پڑھنے کے مواقع اور درود شریف کے چالیس مستند صیغے جیسے اہم مضامین احادیث نبویہ کی روشنی میں بیان کیے گئے ہیں۔ خاتمہ کتاب میں دواہم مضامین بیان کیے گئے ہیں: اللہ تعالیٰ اور رسول اللہ ﷺ کی محبت کی ہر چیز پر فوقیت اور حضور ﷺ سے صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم کی محبت کے واقعات۔ہمارے پیش نظر جو کتاب ہے وہ اردو ترجمہ ہے۔اصل کتاب عربی زبان میں ہے جو حضرت مولانا عاشق الٰہی بلند شہری رحمہ اللہ تعالیٰ کے فرزند مولانا عبدالرحمٰن کوثر کی تالیف ہے۔ فاضل مؤلف نے کتاب کی ترتیب وتالیف میں خاصی محنت کی ہے۔احادیث شریفہ کی سلیس تشریح اوران سے مستفاد ہونے والے فوائد کے ساتھ ساتھ ان کا حکم بھی انہوں نے بیان کیا ہے۔امید ہے مسلمان اس کی کما حقہ قدردانی کریں گے۔کتاب کی طباعت، کمپوزنگ، سیٹنگ اور کاغذ سب کچھ انتہائی اعلیٰ اور معیاری ہے۔

**الکوثر الجاري الی ریاض البخاري** : **تالیف**:مولانا سید عبدالستار شاہ۔ناشر: جامعہ اسلامیہ دارالعلوم رحیمیہ نیلا گنبد سرکی روڈ کوئٹہ۔صفحات:309۔سائز:20×30/8۔قیمت:درج نہیں۔

زیرتبصرہ کتاب صحیح بخاری کے کتاب الایمان کے چند ابواب کی اردو شرح ہے۔یہ پہلی جلد ہے، بقیہ جلدوں پر کام ابھی جاری ہے۔فاضل مؤلف عرصہ گزشتہ چالیس سال سے صحیح بخاری کادرس دے رہے ہیں۔گویا یہ شرح ان کے طویل تدریسی تجربات کانچوڑ ہے۔شرح تحقیقی مگرانتہائی مغلق ہے۔پھر اردو میں سلاست کے فقدان نے اسے اور پیچیدہ کردیا ہے۔اگر فاضل مؤلف اپنا اسلوب سہل کرلیں اور کسی ماہر اردو دان سے اس پر نظر ثانی کروالیں تو یہ شرح انتہائی مفید ہوجائے گی۔حدیث کی تشریح کے وقت اس کی تخریج کا انداز بھی فنی لحاظ سے محل نظر ہے، اس کی اصلاح بھی کرلی جائے۔نیز سیٹنگ اور کمپوزنگ میں بھی سلیقہ مندی عنقاء ہے۔امید ہے اس جلد کے اگلے ایڈیشن اوراگلی جلدوں میں ان



© rasailojaraid.com